پریس ریلیز

وادی سون میں سی جی ایم اے فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام "سون ثقافت مینا بازار"

وادیِ سون، خوشاب–25 اکتوبر 2025
سی جی ایم اے فاؤنڈیشن نے اپنے پلیٹ فارم "سون ثقافت " کے تحت خواتین اور بچیوں کے لیے "مینا بازار "کا خصوصی انعقاد کیا، جس میں مقامی ہنر، فن، اور ثقافت کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔ اس پروگرام کا مقصد وادیِ سون کی ثقافتی روایات کو اُجاگر کرنا، خواتین کو بااختیار بنانا، اور مقامی کمیونٹی میں مثبت روابط کو فروغ دینا ہے

اس موقع پر بیسک اسٹیچنگ اینڈ ایمبرائیڈری کورس (Basic Stitching & Embroidery Course) کی خصوصی نمائش بھی منعقد کی گئی، جس میں سی جی ایم اے اسکل ڈیولپمنٹ سینٹر کے شی اسکلز پروگرام (SheSkills Program) سے تربیت یافتہ خواتین نے اپنے خوبصورت اور محنت سے تیار کردہ کام پیش کیے، جبکہ کورس مکمل کرنے والی شرکاء کو سرٹیفکیٹس بھی دیے گئے۔

مینا بازار میں مختلف ثقافتی اسٹالز، آرٹ اینڈ کرافٹ اسٹالز، ایمبرائیڈری ڈسپلے، کروشیہ، مہندی، نیل آرٹ، گرومنگ سروسز، ڈریسز، چوڑیاں، جیولری، اور روایتی کھانے شامل تھے، جنہوں نے شرکاء کو ایک رنگا رنگ اور پُرمسرت تجربہ فراہم کیا۔

افتتاحی تقریب بروز ہفتہ، 25 اکتوبر 2025 کو منعقد ہوئی، جس کا باقاعدہ افتتاح چیئرمین سی جی ایم اے فاؤنڈیشن، جناب حیدر اعوان نے کیا۔

چیئرمین نے اس موقع پر خواتین کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ سی جی ایم اے فاؤنڈیشن خواتین کو ہنر کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل مہارتیں سکھا کر آن لائن فروخت کے مواقع فراہم کرنے پر کام کر رہی ہے، تاکہ وہ معاشی طور پر خود مختار بن سکیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کی بااختیاری ہی ایک مضبوط اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے۔

یہ مینا بازار دو دن تک، ہفتہ اور اتوار، 25 اور 26 اکتوبر 2025 کو جاری رہا، جس میں علاقے کی خواتین نے بھرپور شرکت کی۔
شرکاء نے وادیِ سون کی خواتین کے ہنر، ثقافت اور تخلیقی صلاحیتوں کو خوب سراہا اور اس اقدام کو خواتین کی بااختیاری کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا۔

سی جی ایم اے فاؤنڈیشن اپنی "سون ثقافت " جیسی سرگرمیوں کے ذریعے وادیِ سون میں مقامی ہنر کے فروغ، خواتین کی خود مختاری، اور دیہی کمیونٹیز کی ترقی کے مشن کو جاری رکھے ہوئے ہے۔

Pictures: https://cgmafoundation.org/soon-saqafat-2025/

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم رابطہ کریں:

Whatsapp 0321-5571329
ای میل foundation.cgma@gmail.com
ویب سائٹ www.cgmafoundation.org (فیس بک) https://www.facebook.com/cgma.foundation
پتہ: گاؤں اوگالی، سون ویلی سکیسر، تحصیل نوشہرہ، ضلع خوشاب

سی جی ایم اے فاؤنڈیشن:
سی جی ایم اے فاؤنڈیشن 2021 میں قائم کی گئی، اور سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ، 1860 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ یہ فاؤنڈیشن وادی سون، خوشاب میں صحت، تعلیم، اور دیگر فلاحی شعبوں میں خدمات انجام دے کر لوگوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔